پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

جنرل ہسپتال کے 9 مرحوم ملازمین کے ورثاء کیلئے ایک کروڑ 68 لاکھ روپے کی مالی امداد

حکومت دوران ملازمت جاں بحق ہونیوالوں کے پسماندگان کو بے یارو مددگار نہیں چھوڑتی :پروفیسر الفرید ظفر

مالی امداد کے علاوہ بھی ان تمام خاندانوں کا ہر طرح سے خیال رکھیں گے : پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور 26جون:......پنجاب حکومت نے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال میں ملازمت کے دوران اپنے خالق حقیقی سے جا ملنے والے 9ملازمین کے قانونی ورثاء کے لئے ایک کروڑ 68لاکھ روپے جاری کر دیے ہیں۔

مرحومین کے لواحقین میں امدادی چیک تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ حکومت سرکاری ملازمین اور اُن کے خاندانوں کے تحفظ کا خصوصی خیال رکھتی ہے اور اسی امر کے تحت ملازمت کے دوران وفات پا جانے والوں کے لواحقین کو معقول مالی مدد فراہم کی جاتی ہے تا کہ وہ باعزت طور پر زندگی بسر کر سکیں جبکہ مرحوم سرکاری ملازمین کے پسماندگان کو قوانین کے مطابق دیگر مراعات بھی دی جاتی ہیں۔اُن کا کہنا تھا کہ پی جی ایم آئی اور جنرل ہسپتال کی انتظامیہ نے ان 9ملازمین کی دستاویزات کی تیاری میں کم سے کم وقت لیا ہے اور اُن کا حق اُن کے خاندان تک جلد از جلد پہنچانے کی کوشش کی۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ تمام سرکاری ملازمین کی یہ اخلاقی و قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی دیانتداری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کریں بالخصوص میڈیکل کے شعبے سے وابستہ ملازمین پر یہ ذمہ داری دوچند ہو جاتی ہے کہ وہ مریضوں کا بہتر علاج معالجہ اور اُن کے تحفظ کے لئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرتے ہوئے اس مقدس پیشے کے تقاضوں کا خیال رکھیں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ جنرل ہسپتال کے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس اپنے مقدس پیشے کی اساس کا مکمل طور پر خیال رکھتے ہیں جس کا ایک ثبوت ہڈی وارڈ میں کئی ماہ سے مقیم وہ لاوارث مریضہ خاتون ہے جس کے خاندان سے کوشش کے باوجود رابطہ نہیں ہو سکا اور اُس کا علاج معالجے سمیت مسلسل بھر پور خیال رکھا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ شعبہ صحت سے وابستہ افراد کا یہی مشن ہے کہ وہ کسی بھی مریض کو بے یارو مددگار نہ چھوڑیں اور کوئی خونی رشتہ ہو یا نہ ہو اُن کے علاج معالجے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔

☆☆☆☆